
# ٹیچرز گائیڈ

تحریر: سمیع مصطفیٰ



# سورج مکھی

(ترجمہ)

تصویریں: ثمینہ رضا

ٹیچرز کیلئے نوٹ — یہ کتاب پہلی جماعت کے بچوں کے لئے لکھی گئی ہے۔ ٹیچر اگر چاہیں تو بچوں کی ذہنی سطح کے لحاظ سے اس میں ردوبدل کرسکتی ہیں۔

## سیشن 1

10 منٹ

- اگر ممکن ہو تو ٹیچر کلاس میں پھولوں کا ایک گلدستہ لے کر آئیں۔ اس میں سورج مکھی کا پھول بھی ہو۔
- آج بچوں سے باتیں کریں کہ اللہ تعالیٰ نے ہمارے لئے کون کون سی خوبصورت چیزیں پیدا کی ہیں۔ بچے آپ کو بہت سی چیزیں بتائیں گے، پھول، درخت، جانور، پہاڑ، دریا، خوبصورت چڑیا اور مچھلیاں، پھل سبزی۔ پھر بچوں سے پوچھیں کہ ایک خاص چیز جو بہت خوبصورت بھی ہے اللہ تعالیٰ نے بنائی ہے وہ کیا ہے۔ بچے مختلف چیزیں کہیں گے یا شاید کچھ بھی نہ کہیں۔ پھر ان کو بتائیں کہ وہ آپ ہیں۔ آپ بہت ہی خوبصورت بچے بچیاں ہیں۔ آپ سے آپ کے ماں باپ کو بہت خوشی ملتی ہے۔ آپ سب لوگوں کو میں پڑھاتی ہوں اور مجھے بھی آپ لوگ بہت اچھے لگتے ہیں ۔ وغیرہ وغیرہ۔ مختلف پھولوں کے نام پوچھیں۔ پھر یہ نام بورڈ پر لکھ کر بچوں سے پڑھائی کروائیں۔
- پھر بچوں سے کہیں کہ اب میں کتاب آپ کو پڑھ کر سناتی ہوں۔ ٹیچر آہستہ آہستہ کتاب پڑھیں تاکہ بچوں کو interest پیدا ہو۔ جب کتاب پڑھ لیں تو بچوں سے پوچھیں کہ ان میں سے کس کس کو پڑھنا آتا ہے۔ اگر کچھ بچے ہاتھ اونچا کریں تو ان کو سامنے بلائیں اور کتاب سے reading کرنے کو کہیں۔ چونکہ بچے چھوٹے ہیں اس لئے ان کو ابھی پڑھنے میں دشواری ہوگی۔

30 منٹ

- اب ٹیچر بورڈ پر ایک ایک لفظ لکھیں۔ مثلاً صبح پھر اس کی توڑ لکھیں: ص، ب، ح۔ پھر ایک بچے سے پوچھیں کہ یہ کیا لفظ ہے۔ اس کی وہ ہجے بھی کریں۔ اس طرح سے کتاب کے

سارے الفاظ (یعنی 'کو' 'سورج مکھی' نے وغیرہ) باری باری بورڈ پر لکھیں' ہر بار کسی دوسرے بچے سے لفظ پڑھنے کو کہیں اور اس کی ہجے کرنے کو کہیں۔ اس طرح سے سب بچوں کو لفظ کی توڑ' اس کی ہجے اور اس کو پڑھنے کا موقع ملے گا۔ بچوں کے لئے reading کی مشق بہت ضروری ہے۔(بعد میں الفاظ کی پڑھائی فلیش کارڈ سے کروائیں۔ جس کے ایک طرف لفظ جوڑ کر اور دوسری طرف لفظ توڑ کر لکھا گیا ہو)۔

5 منٹ

- کل بچے اپنے گھر سے ایک ایک پھول لے کر آئیں گے (اگر اصلی نہ ملیں تو Plastic کے) تاکہ ہم ان کا نام سیکھ سکیں۔ بچوں سے یہ بھی کہیں کہ وہ اپنے والدین سے کہہ کر گھر پر ایک یا دو گملے منگوائیں۔ اس میں مٹی کھاد ڈالیں گے اور اس میں پھول کا کوئی بھی خوبصورت پودا لگائیں گے مثلاً گلاب' بیلا' رات کی رانی یا سورج مکھی کا پودا' یہ کام اگلے 3 دن میں کرنا ہوگا اور پھر ہر بچہ کلاس میں رپورٹ کرے گا کہ گملے میں پودا لگ گیا اور پھر ہر بچے کو اپنے اپنے پودے کی دیکھ بھال خود ہی کرنی ہوگی۔ یعنی پانی دینا وغیرہ۔

## سیشن 2

20 منٹ

- آج کچھ بچے پھول لے کر آئے ہوں گے۔ کچھ نہیں لائے ہوں گے۔ جو نہیں لائے ہیں ان سے پیار سے پوچھیں کہ وہ کیوں نہیں لائے۔ آئندہ ضرور لانے کی کوشش کریں۔ جو بچے لائے ہیں ان کے پھول کو soft board پر Scotch tape کے ذریعہ تھوڑے تھوڑے فاصلہ پر چپکائیں۔ کم از کم 8-10 پھول بورڈ پر لگائیں۔ بورڈ کے نچلے حصہ پر چپکائیں تاکہ چھوٹے بچوں کا ہاتھ وہاں تک پہنچ سکے۔ پھول مختلف قسم کے ہونے چاہیے۔

نوٹ

- ٹیچر اپنے ساتھ کچھ پھول خود بھی لے کر آئیں۔

- پھر ایک بچے کو بورڈ کے پاس بلائیں اس سے پوچھیں کہ اس پھول کو کیا کہتے ہیں۔ اگر وہ نہ بتا سکے تو کلاس میں کسی اور بچے سے پوچھیں۔ پھر ٹیچر بورڈ پر دائیں طرف پھولوں کے نام بچوں سے پوچھ کر لکھتی جائیں اور بائیں جانب ان پھولوں کے انگریزی نام۔

- 15 منٹ اب ٹیچر بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کاپی میں وہ الفاظ اتاریں۔ اس کام کے لئے ٹیچر پہلے ہی سے research کرکے پھولوں کے نام اور ان کی انگریزی معلوم کرلیں۔ پہلے بچوں سے پھول کے نام کی انگریزی پوچھیں اگر ان کو نہ معلوم ہو تو پھر ٹیچر بتائیں۔

- 10 منٹ بچوں سے پوچھیں کہ سورج مکھی کو سورج مکھی یا انگریزی میں Sunflower کیوں کہتے ہیں۔ بچوں کی باتیں سنیں۔ پھر بچوں کو بتائیں کہ مکھ ہندی زبان میں چہرے کو کہتے ہیں اور چونکہ اس پھول کی صورت سورج کی طرح ہوتی ہے شاید اسی لئے اسے سورج مکھی کہتے ہیں۔ ان سے پھر پوچھیں کہ سورج مکھی ایک خوبصورت پھول ہے لیکن اس سے ہمیں بہت فائدہ بھی ہوتا ہے۔ اس کے بیج سے تیل بنایا جاتا ہے جسے Sunflower oil کہتے ہیں۔ یہ ہماری صحت کے لئے بہت مفید ہوتا ہے۔
- پھر بچوں سے پوچھیں کہ پھول سے ہمیں کیا فائدہ ہوتا ہے۔ اگر بچے نہ بتا پائیں تو ان سے پوچھیں کہ آپ جو شہد کھاتے ہیں وہ کہاں سے آتا ہے؟ بچوں سے ان کی باتیں سنیں۔ پھر تفصیل سے انہیں بتائیں کہ کچھ پھولوں سے شہد کی مکھی عرق یا nectar نکالتی ہے۔ پھر درخت یا چھت کے نیچے اپنے منہ سے نکالے ہوئے موم سے شہد کی مکھی چھتہ بناتی ہے۔ اس چھتہ میں پھول سے لائے ہوئے عرق کو جمع کرتی ہے۔ پھر ہم ان کے چھتے سے شہد نکال کر صاف کرتے ہیں اور بوتل میں جمع کرکے ان کو اپنے استعمال کے لئے رکھتے ہیں۔

Honey — Behive — Bee — Flower

## سیشن 3

45 منٹ

- آج آرٹ کلاس ہوگی۔ بچے مختلف پھولوں کی تصویریں بنائیں گے۔ اس میں سب بچے سفید کاغذ پر crayons کے ذریعہ bright colours سے پھول بنائیں۔ جب وہ تصویریں بنالیں تو ان سے کہیں کہ وہ کاغذ پر تصویروں کے نیچے اپنا نام، دن، تاریخ اور ٹیچر کا نام لکھیں۔
- جب یہ کام ہو جائے تو بچوں کے کام کو یا تو softboard یا display board پر لگائیں یا اگر یہ ممکن نہ ہو تو کلاس میں ایک رسی باندھ کر اس پر بچوں کی بنائی ہوئی تصویر paper clip کے ذریعہ یا clothes clip کے ذریعہ لگائیں اور display کریں۔

نوٹ

- اگر ممکن ہو تو پھول کی تصویر collage سے بھی بنائی جا سکتی ہے جس کو بچے زیادہ enjoy کریں گے۔ اگر یہ کام کرنا ہو تو ٹیچر بچوں سے ایک دن پہلے کہیں کہ وہ پرانے رنگین magazine قینچی اور گوند لے کر آئیں یا ٹیچر اسکول میں یہ انتظام کریں۔

- بچوں کو یہ بھی بتائیں کہ کل ان سے ٹیچر پوچھیں گی کہ ان میں سے کن کن بچوں نے گھر کا کام کیا ہے یعنی گملوں میں پودا لگایا ہے، پانی دیا ہے اور دیکھ بھال کر رہے ہیں۔

## سیشن 4

10 منٹ

- آج چند اور بچوں سے reading کروائیں اور جو بچے مشکل سے پڑھیں ٹیچر ان کی مدد کریں۔ جن الفاظ کو پڑھنے میں مشکل ہو اسے توڑ کر اور پھر جوڑ کر بورڈ پر لکھیں۔ کوشش کریں کہ ان session 4-5 میں سب بچوں کو reading کرنے کا موقع ملا ہو۔

15منٹ
- اب بچوں سے کہیں کہ جن بچوں نے اپنے گملے گھر پر بنا لئے ہیں وہ ہاتھ اونچا کریں۔ جن بچوں نے ہاتھ اونچا نہیں کیا ان سے پوچھیں کہ انہوں نے یہ کام کیوں نہیں کیا۔ پھر ان کو تاکید کریں کہ وہ دو تین دن میں یہ کام ضرور کرلیں۔ جن بچوں نے کہا کہ انہوں نے اپنے اپنے گملے بنائے ہیں ان سے باری باری پوچھیں کہ یہ کام انہوں نے کیسے کیا۔ گملا کہاں سے آیا، مٹی کھاد کہاں سے آئی، کس نے ان کی مدد کی، پودا کہاں سے آیا (گھر سے، کسی رشتہ دار کے گھر سے یا nursery سے) گملا کہاں رکھا گیا ہے، وغیرہ۔

نوٹ
- مختلف پھولوں کے پودے لگانے کا کام اسکول کی کیاری یا گملوں میں کروایا جائے۔ تاکہ بچے ان کی دیکھ بھال اور حفاظت کرنا سیکھ سکیں۔ پودے لگانے کے سلسلے میں چیزوں کے نام اور ترتیب کاپی میں لکھوائی جائے اور ترتیب کے مطابق تصویریں بھی بنوائی جائیں۔

20 منٹ
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ کتاب کھولیں۔ کتاب میں جو بھی رنگ نظر آ رہے ہیں ان کے نام اردو اور انگریزی میں پوچھیں۔

ٹیچر کیلئے نوٹ
- بچے رنگوں کے نام اردو اور انگریزی میں بتائیں۔ ٹیچر بورڈ پر لکھیں۔ بعد میں بچے کاپی میں اتاریں۔ کتاب میں رنگ کچھ یہ ہیں۔ نیلا (blue) سفید (white) نارنجی (orange) پیلا (yellow) گلابی(pink) کتھئی (brown) سبز(green) کالا، (black) وغیرہ۔

## سیشن5

10 منٹ
- آج بچوں سے پھر باری باری reading کروائیں۔

10 منٹ
- پھر بچوں سے پوچھیں کہ صبح کو سورج کس نے دیکھا، آپ صبح کو کیا کرتے ہیں

(سو کر اٹھتے ہیں' منہ ہاتھ دھو کر ناشتہ کھا کر اسکول کی تیاری کرتے ہیں اور پھر اسکول جاتے ہیں۔) دوپہر کو سورج مکھی نے سورج کو دیکھا' آپ دوپہر کو کیا کرتے ہیں (اسکول سے واپس آتے ہیں منہ ہاتھ دھوتے ہیں' کھانا کھاتے ہیں۔ اسکول کا Homework کرتے ہیں وغیرہ۔) شام کو سورج مکھی نے سورج کو دیکھا' شام کو آپ کیا کرتے ہیں۔ کھیلتے ہیں' ٹی وی دیکھتے ہیں' ملنے جاتے ہیں' رات ہوئی تو تھک کر سو گئ رات کو آپ کیا کرتے ہیں۔ہم بھی تھک کر سوجاتے ہیں۔

20 منٹ

- پہلے بچوں سے یہ باتیں زبانی کریں۔
پھر ان سے کہیں کہ وہ اپنی اپنی کاپی پر لکھیں۔
۱۔ صبح کو میں نے کیا کیا۔
۲۔ دوپہر کو میں نے کیا کیا۔
۳۔ شام کو میں نے کیا کیا۔
۴۔ رات کو میں نے کیا کیا۔

- جب بچے کلاس میں یہ لکھ رہے ہوں تو ٹیچر فرداً فرداً بچوں کے پاس جا کر ان کی مدد کریں۔ ان کو لکھنے کے ideas دیں۔ چونکہ یہ پہلی کلاس کے چھوٹے بچے ہیں اس لئے اگر یہ تھوڑی غلطی بھی کریں تو اس کو نظر انداز کر سکتے ہیں۔ اس مشق کا مقصد بچوں میں اردو میں لکھنے کا شوق پیدا کرنا ہے۔ زیادہ تصحیح کرنے سے یہ شوق کم ہو سکتا ہے۔

5 منٹ

- اگر وقت بچ جائے تو بچوں سے پھول کے بارے میں عام گفتگو کریں کہ پھول کتنے خوبصورت ہوتے ہیں ان سے ہماری زندگی میں کتنی رنگینی پیدا ہوتی ہے۔ بچوں کو چاہئے کہ وہ اپنے باپ ماں اور بڑے بھائی بہنوں سے کہیں کہ گھر پر بہت سارے پھول لگائیں۔ اس کے علاوہ پھولوں کا خاص خیال رکھنا چاہئے۔ ان کو روندنا یا برباد کرنا بری بات ہے۔
- مختلف طرح کے پھولوں اور ان کے رنگ اور ان کے مختلف حصوں کے نام پر باتیں کریں۔

کلی، پتیاں، ڈنٹھل، وغیرہ۔

- پھولوں پر آنے والے مختلف کیڑوں کے نام پوچھیں (مثلاً تتلی، بھنورا، مکھی، ٹڈا وغیرہ) یا پھولوں سے متعلق کوئی گانا گائیں۔

# سورج مکھی

## ٹیچرز گائیڈ


جملہ حقوق اشاعت : بُک گروپ، کراچی



مطبع : جے۔ ٹی ۔ ایس پرنٹرز

ہم Hub Leather Products Limited کے شکر گزار ہیں
جن کے تعاون سے کتاب اور اس کی ٹیچرز گائیڈ شائع ہوئی۔

bookgroup
[illegible], Block 2, PECHS, Karachi. Phone [illegible]
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk